[Urdu]

اسائلم کا طریقہ کار

Asylum procedure

BRING BACK OUR NEIGHBOURS

سیکسنی کی ملک بدری کی پالیسی کے خلاف

bringbackourneighbours.de

Impressum
Herausgeber: Kontaktgruppe Asyl
und Abschiebehaft e.V.
Heinrich-Zille-Str. 6
01219 Dresden

اگر آپ نے جنگ یا کسی ظلم و ذیادتی کی وجہ سے اپنا ملک چھوڑا ھے تو جرمنی میں آپکو اسائلم کا حق حاصل ھے.

آپکو اسائلم کی درخواست دینا ھو گی. اس سلسلے میں فیصلہ کرنے والا ادارہ وفاقی دفتر برائۓ ھجرت و پناہ ھے جسکو جرمن میں
Bundesamt für Migration und Flüchtlinge
یا مختصرا" BAMF کے نام سے جانا جاتا ھے.

اس مختصر ویڈیو سے آپکو اپنےجرمنی میں اسائلم لینے کے حق کے بارہ میں مختلف زبانوں میں معلومات ملیں گی: www.asylindeutschland.de

ایک بار آپ نے اسائلم کیلیے اپلائ کر لیا تو آپکو ایک عارضی رھائشی پرمٹ ملے گا جسے جرمن میں Aufenthaltsgestattung کھتے ھیں (جسکو Ausweis کھا جاتا ھے). یھاں آپکو اس بارہ میں مختلف زبانوں میں کاغذات

سماعت/انٹرویو

اگر جرمنی آپکی اسائلم کی درخواست کیلیےدمہ دار ملک ھے تو سماعت جسکو انٹرویو بھی کھتے ھیں BAMF میں ھو گا. یہ آپکا موقع ھے کہ آپ پناہ کی درخواست دیں.

یہ سنوائ بھت اھم اور فیصلہ کن ھو گی.

یھاں پر آپکو مختلف زبانوں میں تفصیلی معلومات ملیں گی:
bbonlink.de/asylurdu

براہ مھربانی اپنے انٹرویو کے لیے اچھی طرح سے تیار رھیں. یہ بھت ضروری ھے!
آپ اپنے تجربات کو ترتیب سے لکھ سکتے ھیں اور انکے لیے کچھ پبوت بھی لا سکتے ھیں، اگر آپکے پاس ھیں تو. آپ تیاری کیلیے کسی کنسلٹنسی سنٹر سے میٹنگ کی بھی درخواست کر سکتے ھیں.

ہاؤسنگ

اسائلم پراسیس کے شروع میں آپ استقبالیہ مرکز میں رھیں گے جسے "Erstaufnahme" کھتے ھیں.

ایسا ھو سکتا ھے کہ آپ وھاں اپنی درخواست پر کوئی فیصلہ آنے تک رھنا ھو، یا پھر آپکو کسی اور رہائش کی جگہ پر منتقل کر دیا جاۓ گا.

بدقیمتی سے آپ یہ فیصلہ نھیں کر سکتے کہ آپ جرمنی میں کھاں رھنا چاھتے ھیں. آپکو کسی مخصوص شھر یا گاءوں بھیجا جاۓ گا جھاں آپکو کسی اپارٹمنٹ یا کیمپ میں رہنا ہو گا. آپ Erstaufnahme-Camp سے کسی اور جگہ میں منتقلی کی درخواست کر سکتے ہیں لیکن محدود وجوہات کی بنا پر ہی آپکو منتقلی کا حق حاصل ہے.

- یہاں آپ کو جرمن اور انگریزی میں مزید معلومات ملیں گی کہ Erstaufnahme-Camp سے ٹرانسفر کیسے حاصل کیا جائے:
(انگریزی جرمن)bbonlink.de/transfer

آپ کام، خاندان کے دوبارہ اتحاد، مذہب پر عمل کرنے کے امکانات، خاندان کے
- افراد کی مستقل دیکھ بھال، تعلیم حاصل کرنے، تعلیم اور تربیت شروع کرنے کی وجہ سے اپنی پناہ کی درخواست کے دوران کسی دوسرے شہر یا گاؤں میں جانے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں... لیکن آپ کو ثبوت اور جواز پیش کرنا ہوگا۔

خطوط

اگر آپ کو منتقل کیا جاتا ھے یا آپکا پتہ بدلتا ہ
ہے، تو آپ کو اپنا نیا پتہ BAMF امیگریشن اتھارٹی، اور ممکنہ طور پر عدالت کو دینا ہوگا۔ یہ بہت اہم ہے کیونکہ خطوط ہمیشہ اس پتے پر بھیجے جائیں گے جو آپ نے آخری بار حکام کو بتایا تھا۔ براہ مہربانی جلد از جلد اتھارٹیز کے خطوط سمجھنے کیلیے مدد حاصل کریں کیونکہان میں ضروری معلومات .ہوتی ہیں اور آپکے پاس جواب دینے کا وقت بہت کم ہو گا

ڈاکومنٹ

جرمن دفاتر میں اپنی شناخت کرانے کیلۓ کوئ نہ کوئ سرکاری ڈاکومنٹ ہمیشہ اپنے پاس رکھنا بہتر ہے. پاسپورٹ، پیدائشی سرٹیفکیٹ وغیرہ ذیادہ بہتر مانے جاتے ہیں. ایسا کرنے سے پہلے کسی وکیل یا کسی بھی ریفیوجی کنسلٹنٹ سے مشورہ کرنا بہتر ہے. جلد بازی نہ کریں.